اس کمی کو پورا کرنے کے لیے جاری کیا گیا ہے۔ زیر نظر شمارے کا تقریباً نصف حصہ بعض علمی و اشاعتی موضوعات پر مشتمل ہے اور باقی حصے میں کتابوں پر تبصرے' خبریں اور نئی کتابوں کی فہرست شامل ہے۔ تبصروں کے ۱۰ صفحات (۱۵ کتابیں) کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ (بک ریویو میں "ریویو" کا حصہ غالب نظر آنا چاہیے) دو چار اہم تر کتابوں پر تفصیل کی اطلاعات' مع فہارس مضامین' ریویو آرٹیکل آنے چاہییں۔ اسی طرح اردو رسائل و جرائد کی تازہ اشاعتوں کی اطلاعات بھی شائع کی جائیں۔ خبروں کا حصہ بھی دلچسپ ہے۔ یہ خبر درست نہیں کہ "بال جبریل" کا کوئی انگریزی ترجمہ ابھی تک نہیں چھپا (ص ۴۶) سید اکبر علی شاہ کا ترجمہ غزلیات "بال جبریل" لاہور سے ۲ بار چھپ چکا ہے۔ امید ہے دنیائے مجلّات اور علمی حلقوں میں اس کا خیر مقدم کیا جائے گا (ر - ہ)۔

سہ ماہی The Quranic Horizons ' مدیر اعلیٰ ڈاکٹر ابصار احمد۔ پتا ۳۶ کے ماڈل ٹاؤن' لاہور' ۵۴۷۰۰۔ صفحات: ۷۲۔ قیمت: ۳۰ روپے۔

قرآن کے پیغام عمل کی اشاعت کے لیے مرکزی انجمن خدام القرآن کے اس انگریزی سہ ماہی رسالے کی پہلی اشاعت (جنوری ۹۶) میں چار انتہائی قیمتی مقالات پیش کیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے نبوت کے مقاصد پر' پروفیسر بی ایچ صدیقی نے اسلام اور جدیدیت پر اور ایس کے ہاشمی نے فرقہ واریت پر فکر انگیز خیالات کا اظہار کیا ہے۔

A wake up call کے عنوان سے ڈاکٹر احمد افضال نے معاشرے میں مرد اور عورت کے مقام کے بارے میں مغرب کے غلط تصور اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اخلاقی اور جنسی بحران کے حوالے سے اسلامی تعلقات کو نہایت فاضلانہ اور تحقیقی انداز سے پیش کیا ہے۔ آج مغرب جن حالات سے پریشان ہے' ہمارے ذرائع ابلاغ معاشرے کو اسی طرف لیے جا رہے ہیں' اس لیے جاگنے اور مستعد ضرورت ہے"۔ بحیثیت مجموعی یہ ایک معیاری مجلّہ ہے۔ امید ہے کہ اس کی اشاعت باقاعدگی سے جاری رہے گی اور انگریزی پڑھنے والوں کو ایسی معیاری تحریریں فراہم ہوں گی جو انھیں قرآن کے حقوق ادا کرنے پر ابھاریں گی۔ اپریل تا جون کا دوسرا شمارہ بھی بعض عمدہ مضامین کے ساتھ منظر عام پر آگیا ہے (م - س)۔

اللہ کے فضل و کرم سے

ثناءاللہ نے جو چیز بنائی بہترین بنائی

ثناءاللہ

پاکستان میں اُونی اور ایکریلک مصنوعات کا
معیار قائم کرنے والے

ثناءاللہ وولن ملز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ABC
Cashmira
BLANKETS

ABC
KNITTING
YARNS

Plush Mink
BED
COVERS
AND
BLANKETS

SANAULLA
CARPET
YARNS

SANAULLA
WEAVING
YARNS

تیسری منزل پیورلا سینٹر فاطمہ جناح روڈ کراچی۔ پاکستان
Phones: 516034 & 516035. Fax: 92-21-5681775.
Telex: 21699 SANA PK